سوال

(854) نماز تہجد کیسے اور کتنی رکعتیں پڑھی جائیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز تہجد کیسے پڑھی جائے اور اس میں کتنی رکعتیں ہوتی ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازِ تہجد، نماز عشاء اور فجر کے درمیانے وقت میں پڑھی جاتی ہے، اگر رات کے آخری تہائی حصے میں پڑھی جائے، تو زیادہ افضل ہے۔ اس کی رکعات کی تعداد وتروں سمیت گیارہ ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اُمّ المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے رمضان و غیر رمضان میں یہی تعداد نقل کی ہے۔ (صحیح مسلم، بَابُ صَلَاةِ اللَّیلِ، وَعَدَدِ رَکَعَاتِ النَّبِیِّ ﷺ... الخ، رقم:٧٣٦)، (ابوداوٗد، بَابٌ فِی صَلَاةِ اللَّیلِ، رقم:١٣٣٦) البتہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک روایت میں تیرہ تعداد بھی منقول ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰة:صفحہ:731

محدث فتویٰ